WE ARE YOUR DOL

NEW YORK STATE | Department of Labor

کورڈ ایئرپورٹ ورکرز متوجہ ہوں*

لاگارڈیا ایئرپورٹ، جان ایف کینیڈی انٹرنیشنل ایئرپورٹ،
اور وہ تمام مقامات جو ہوائی جہازوں میں استعمال کے لیے خوراک کی تیاری سے متعلق ہوں،

یکم جنوری 2026ء سے، نیویارک اسٹیٹ ہیلتھی ٹرمینلز ایکٹ کے تحت یہ قانون نافذ العمل ہے کہ آپ کو درج ذیل میں سے جو بھی زیادہ ہو وہی اجرت ادا کی جائے گی:

- نیویارک اسٹیٹ کے کمشنر آف لیبر کی جانب سے مقرر کردہ اجرت کی شرح، یا
- پورٹ اتھارٹی کی کم از کم اجرت (کیلنڈر سال 2026 کے لیے: 21.25 ڈالر فی گھنٹہ)

اس کے علاوہ، آپ کو اضافی اجرت یا اضافی ہیلتھ کیئر کنٹری بیوشن اور ادا شدہ رخصت بھی دی جائے گی، جیسا کہ نیویارک اسٹیٹ کے کمشنر آف لیبر کی جانب سے مقرر کیا گیا ہو۔

نیویارک اسٹیٹ کے کمشنر آف لیبر کی جانب سے فی گھنٹہ اجرت، اضافی اجرت یا ہیلتھ کیئر کنٹری بیوشن، اور ادا شدہ رخصت سے متعلق تقرریاں وفاقی حکومت کے McNamara–O'Hara سروس کنٹریکٹ ایکٹ کے تحت کی گئ تعیناتی پر مبنی ہیں۔ مزید معلومات کے لیے براہِ کرم درج ذیل لنک ملاحظہ فرمائیں۔

کسی بھی صورت میں آپ کی فی گھنٹہ اجرت، اس وقت نافذ پورٹ اتھارٹی کی کم از کم اجرت سے کم نہیں ہونی چاہیے۔ تفصیلات کے لیے پورٹ اتھارٹی آف نیویارک اینڈ نیو جرسی کی نئی کم از کم اجرت کے قواعد کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

ہوائی اڈے کے*شامل کارکنان سے مراد: وہ تمام افراد ہیں، جو جان ایف کینیڈی انٹرنیشنل ایئرپورٹ، لاگارڈیا ایئرپورٹ، یا ایسے کسی مقام پر کام کرتے ہوں جو جان ایف کینیڈی یا لاگارڈیا ایئرپورٹ سے روانہ ہونے والے ہوائی جہازوں میں استعمال کے لیے خوراک کی تیاری یا ترسیل سے متعلق ہو۔ تنخواہ دار پیشہ ور افراد، ایگزیکٹوز، انتظامی عملہ، یا وہ افراد جو پورٹ اتھارٹی آف نیویارک اینڈ نیو جرسی یا کسی بھی دیگر سرکاری ادارے کے ملازم ہوں، وہ ہوائی اڈے کے *شامل کارکنان میں شمار نہیں ہوتے۔